اشكِ عزاء بہانا ماتم كي صف بچھانا

اشكِ عزاء بہانا ماتم كي صف بچھانا
زہراء كے لاڈلے كو ہرگز نہ بھول جانا

غمخوار شاہ‌دیں پر سایہ بتول كا هے
آنسونہ هیں اُسكے موتي جنّة هے آشیانه

رزقِ غمِ حسیني یارب كبھي نہ كم هو
اِسكے سِوا كوئي غم همكو نہ تو دِكھنا

آؤ حسین آؤ برهان‌دیں كو دیكھو
یہ شانِ گِریه زاري یہ مجلسیں رچانا

برهان دیں كو زهراء اجرِ عظیم دیگي
تا حشر اِنكے دم سے رونا هے یہ رُلانا

یہ آنسوؤنہ كا پُرسه بي‌بي قبول كركے
برهان‌دیں كے صدقے دامن میں تم بسانا

گُل آب صحراء مچھلي روتا هے پتّه پتّه
دیكے صدا حسینا مغموم هے زمانه

شبّیر دل کے ٹکڑے دیں پر لٹا رہا ھے
عالَم میں بیکسي کے اُمّت کو بخشوانا

عبّاس تم کہاں ھو تنہا کھڑا ھے بھائي
ٹوٹا ھوا ھے مجھ پہ حلقهءِ کافِرانه

دیدار پنجتن کي اکبر نے دي ھے بشریٰ
دم آخري بھي مؤمن کي قدر تھا بتانا

ھاتھوں میں اپنا بچّه گردن پہ تیر کھائے
پوچھو حسین سے وه اصغر کا تلملانا

خنجر تلے بھي جِسکو غمخوار یاد آئے
اِس مہماں کي خاطر اِك اشك تو بہانا

زینب کو شه نے دیکھا زینب نے شه کو دیکھا
سجدے میں شاه دیں پر بوڑھي چُھري چلانا

برهان دیں نے لکھا اکیك مرثیے میں
اس پر فدا جمالي عالِم هر ایك دانه

✻✻✻✻✻